Annual Status of Education Report
ASER اثر PAKISTAN 2023
Facilitated by Idara-e-Taleem-o-Aagahi

Urdu Tools

Sample-1 — Words الفاظ

ترقی نزدیک

خوشی سواری سبزہ

گلی اہم

آم احساس جائزہ

Ask the child to read any 5 words, out of which 4 must be correct

بچے سے کوئی بھی پانچ الفاظ پڑھنے کو کہیں۔ 5 میں سے 4 صحیح ہونے چاہئیں۔

Sample-1 — Letters حروف

ق خ

ع ژ ص

م ڈ

ی ت آ

Ask the child to read any 5 letters, out of which 4 must be correct

بچے سے کوئی بھی پانچ حروف پڑھنے کو کہیں۔ 5 میں سے 4 صحیح ہونے چاہئیں۔

Kindly fold the paper.

Urdu Tools

Start from Here

Sentences جملے

Sample-1

شجر کاری سے مُراد درخت اور پودے لگانا ہے۔

درخت اور پودے ماحول کو آلودگی سے بچاتے ہیں۔

احمد نے اپنی بہن کے ساتھ مل کر ایک پودا لگایا۔

دونوں بہن بھائی مل کر اس کا خیال رکھتے ہیں۔

Sentences جملے

علی اور آمنہ بہن بھائی ہیں۔

وہ دونوں ہر روز اسکول جاتے ہیں۔

آمنہ پڑھ لکھ کر پائلٹ بننا چاہتی ہے۔

علی بڑا ہو کر اُستاد بننا چاہتا ہے۔

Ask the child to read any 1 set of sentences.
Child must read the sentences fluently.

بچے سے کوئی ایک پیرا پڑھنے کو کہیں۔ بچہ یہ جملے روانی سے پڑھے۔

Story کہانی

Sample-1

انعم اور فاطمہ صفائی کا ہمیشہ خیال رکھتی ہیں۔ تفریح کے دوران کوڑا دان ہونے کے باوجود جب کچھ طالبات کوڑا زمین پر پھینک دیتی تھیں تو اُنہیں بہت بُرا لگتا تھا۔ ایک دن وہ دونوں اپنے ساتھ بڑے بڑے تھیلے لے کر آئیں اور کوڑا اُٹھا کر، اُن کو تھیلوں میں ڈالنے لگیں۔
یہ دیکھ کر باقی طالبات بہت شرمندہ ہوئیں اور ان کے ساتھ مل کر کوڑا اُٹھانے لگیں۔
اس عمل پر پرنسپل بہت خوش ہوئی اور اُنہوں نے تمام طالبات سے کہا کہ ہم سب کو زمین پر کوڑا نہیں پھینکنا چاہیے، بلکہ کوڑا دان میں ڈالنا چاہیے۔

QUESTIONS سوالات

Q1 پرنسپل نے تمام طالبات سے کیا کہا؟

Q2 طالبات نے انعم اور فاطمہ سے کیا سیکھا؟

Ask the child to read story fluently.
Ask questions, to ensure child understands the story, and mark accordingly
Please refer to the instruction manual for this section .

بچے سے کہانی روانی سے پڑھنے کو کہیں۔
اگر بچہ کہانی پڑھ لے تو اس سے سوالات پوچھیں۔

Kindly fold the paper.

Annual Status of Education Report
اثر ASER PAKISTAN 2023
Facilitated by Idara-e-Taleem-o-Aagahi

Urdu Tools

Sample-2 — Words الفاظ

قلم   پہچان

بارش   افسوس   ہوا

تعریف   کھیل

خیال   دُنیا   زمین

Ask the child to read any 5 words, out of which 4 must be correct

بچے سے کوئی بھی پانچ الفاظ پڑھنے کو کہیں۔ 5 میں سے 4 صحیح ہونے چاہئیں۔

Sample-2 — Letters حروف

پ   ن

گ   و   ج

ظ   ڑ

س   ے   ف

Ask the child to read any 5 letters, out of which 4 must be correct

بچے سے کوئی بھی پانچ حروف پڑھنے کو کہیں۔ 5 میں سے 4 صحیح ہونے چاہئیں۔

Kindly fold the paper.

Urdu Tools

Start from Here

Sample-2 — Sentences جملے

ماہم کے گھر میں اس کی امی، ابو، دادی اور بہن رہتے ہیں۔

ماہم کا خاندان پیار اور محبت سے رہتا ہے۔

ماہم کو کہانیاں سننا اور اپنی بہن کے ساتھ کھیلنا بہت اچھا لگتا ہے۔

ماہم شوق سے کہانیوں کی کتابیں پڑھتی ہے۔

Sentences جملے

حیدر کو اسکول سے واپسی پر راستے میں چڑیا کا ایک بچہ ملا۔

چڑیا کا بچہ اُڑ نہیں سکتا تھا، اس لیے حیدر اُس کو گھر لے آیا۔

حیدر نے اس کو پانی پلایا اور دانہ ڈالا۔

دانہ کھا کر چڑیا کا بچہ اُڑ گیا۔

Ask the child to read any 1 set of sentences.
Child must read the sentences fluently.

بچے سے کوئی ایک پیرا پڑھنے کو کہیں۔ بچہ یہ جملے روانی سے پڑھے۔

Sample-2 — Story کہانی

ٹی وی پر خبریں چل رہی تھیں۔ پنکھا بھی چل رہا تھا اور کمرے میں کوئی بھی نہیں تھا۔ احمد اور سارہ دوسرے کمرے میں کھیل رہے تھے۔
اُن کی امی جان بھی کام میں مصروف تھیں۔ کمرے کو اِس طرح دیکھ کر دادی جان نے احمد اور سارہ کو آواز دی۔ وہ دونوں دادی جان کی آواز پر دوڑے چلے آئے۔ دادی جان نے ٹی وی اور پنکھے کی طرف اشارہ کر کے دونوں بچوں سے کہا جب ہم سب کمرے سے باہر جائیں تو ہمیں بتیاں، پنکھے اور ٹی وی بند کر دینا چاہیے تاکہ بجلی ضائع نہ ہو۔ بچوں نے دادی جان سے وعدہ کیا کہ وہ آئندہ بجلی ضرورت کے مطابق استعمال کریں گے۔

QUESTIONS سوالات

Q1 اس کہانی کے مطابق بجلی کی بچت کیسے ممکن ہے؟

Q2 بچوں نے دادی جان سے کیا وعدہ کیا؟

Ask the child to read story fluently.
Ask questions, to ensure child understands the story, and mark accordingly

بچے سے کہانی روانی سے پڑھنے کو کہیں۔
اگر بچہ کہانی پڑھ لے تو اس سے سوالات پوچھیں۔

Kindly fold the paper.